© rasailojaraid.com



★ **دارالعلوم محمدیہ مثورہ** | دارالعلوم محمدیہ مثورہ، بنوں (سرحد) میں موقوف علیہ تک درسی کتب اور شعبہ حفظ القرآن بفضل خدا منظم طریقے سے جاری ہے۔ طلبا کی رہائش کے لئے کمرے تعمیر کرنے کی اشد ضرورت ہے لہذا اہل خیر حضرات سے تعاون کی اپیل ہے۔

مولانا شیر عالم حقانی مہتمم دارالعلوم محمدیہ مثورہ ضلع بنوں

★ **کتاب یہودیت و مسیحیت** | گذشتہ ماہ کی اشاعت میں کتاب "یہودیت و مسیحیت" مرتبہ ڈاکٹر احسان الحق جامع تبصرہ شائع ہوا ہے۔ قارئین نوٹ فرمالیں کتاب کی قیمت مبلغ ۷۵ روپے ہے اور مندرجہ ذیل پتوں سے مل سکتی ہے

۱۔ مسلم اکادمی، محمد نگر لاہور ۵ - ۲۔ پاک مسلم اکادمی، الفیصل مارکیٹ۔ اردو بازار۔ لاہور

---

## تحریک روشنیہ (بقیہ از صفحہ ۲۰)

عبادات کا فرض ساقط ہو جاتا ہے۔ اس کی عبادت بس تفکر ہے۔ یہ سارے اعتقادات کفر اور گمراہی کے زمرہ میں آتے ہیں۔ ان ملحدانہ اور کافرانہ عقائد کے خلاف حضرت پیر بابا اور حضرت اخون درویزہ نے بجا طور پر سرفروشانہ جہاد کیا۔ جن کی مساعی مشکور ہوئیں۔ باطل مٹ گیا اور حق غالب آگیا۔ آج کسی کو پتہ بھی نہیں کہ بایزید انصاری کا مزار کہاں ہے۔ مگر حضرت پیر بابا اور حضرت اخون درویزہ مرجع عوام و خواص ہیں اور لوگوں کے دلوں میں بستے ہیں۔ حافظ عبدالمقتدر الپوری فرماتے ہیں۔

• ھمرہ زیرہ کلہ پہ خوئی خپل پہ درزدی ... نکہ زیرہ پہ مپول پښتون ئے اخون اپنیے

ترجمہ۔ حضرت اخون درویزہ نے جتنا احسان ساری پختون قوم پر کیا ہے اتنا کوئی شفیق باپ اپنے فرزند پر نہیں کر سکتا۔ درحقیقت ساری پختون قوم پیران بزرگ اولیائے کرام کے احسانات ہیں کہ حق کی حمایت کرکے حق کو غالب کیا۔ آج کسی دیہاتی سے پیر روشن کا نام پوچھئے تو کوئی نہیں جانتا۔ مگر پیر تاریک ضرب المثل کے طور پر مشہور ہے۔

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ... ثبت بر جریدۂ عالم دوام ما

اس مضمون کا مواد مندرجہ ذیل کتب سے لیا گیا ہے۔

تذکرۃ الابرار و الاشرار۔ آئینہ تصوف۔ بستان مذاہب۔ روحانی رابطہ اور رود کوثر وغیرہ

---

**مضمون نگار** حضرات سے التماس ہے کہ مضامین صاف اور خوشخط کاغذ کے ایک طرف روشنائی سے تحریر فرمائیں۔

شکریہ

© rasailojaraid.com